رہبر معظم نے سپاہ پاسداران کے شہداء کی تشییع جنازہ میں شرکت کی - 14 /Nov/ 2011

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے آج صبح حسینیہ عاشقان ثار اللہ میں سپاہ پاسداران انقلاب اسلامی کے شہداء کی تشییع جنازہ میں شرکت کیـ

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے حسینیہ عاشقان ثار اللہ میں سپاہ کے ریسرچ سینٹر اور جہاد خودکفائی ادارے کے سربراہ میجر جنرل شہید حسن تہرانی مقدم اور اس کے چند ساتھیوں کے لئے سورہ فاتحہ کی تلاوت اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دعا فرمائی ،صوبہ البرز کے ملارد شہر کے مضافات میں سپاہ کے اسلحہ کے ڈپو میں دھماکے کے نتیجے میں یہ افراد شہید ہوگئے تھےـ رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ خامنہ ای نے اس موقع پر شہداء کے اہلخانہ سے بھی ملاقات کی اور ان کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کیاـ